SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
January 5, 2023

کماڈٹی ایکسچینج کازرعی شعبے کے ساتھ لنک پیدا کرنے کے لئے اصلاحات کئے جائیں گے :چئیر مین ایس ای سی پی

اسلام آباد(جنوری 5) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے چئیر مین عاکف سعید نے کہا ہے کہ پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج (کماڈٹی ایکسچینج) کازرعی شعبے اور رورل اکانومی کے ساتھ براہ راست لنک پیدا کرنے کے لئے ضروری ریگولیٹری اور اسٹکچرل اصلاحات متعارف کروائی جائیں گی۔

کراچی میں پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ساتھ اجلاس میں انہوں نے کہا کہ الیکٹرانک وائیرہاوس کے نظام کو مربوط انداز میں فروغ دینے کی ضرورت ہے۔انہوں لے کہا کہ زرعی اجناس کے جدید گودام کا انفراسٹیچر پیدا کیا جائے اور اس دہی علاقوں میں اجناس کے بروکروں اور کسانوں تک آسان رسائی فراہم کی جائے۔کماڈٹی ایکسچینج پر زیادہ سے زیادہ اجناس کی لسٹنگ کی جائے تاکہ مارکیٹ کے ذریعے فارمرز کو لیکوڈیٹی فراہم کی جائے۔

بعدازاں،ایس ای سی پی کی ٹیم نے چئیر مین عاکف سعید کی سربراہی میں سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی کا بھی دورہ کیا اور مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کے داخلے اور اکاوئنٹ اوپنگ کے لئے ڈجیٹل اقدامات کا جائزہ لیا۔اجلاس میں نیشنل سیونگ سرٹیفیکیٹ کی بک انٹری فارم میں فراہمی اور ای کلئر سروسز کا بھی جائزہ لیا گیا۔

ایس ای سی پی کی ٹیم نے میوچل فنڈز ایسوسی ایئشن آف پاکستان کے بورڈ اراکین اور مضاربہ ایسوسی ایئشن سے بھی الگ الگ ملاقاتیں کیں۔عاف سعید نے میوچل فنڈز میں نئے سرمایہ کاروں کی شمولیت کو سہل بنانے کے لئے ڈیجیٹل سلوشن اور نئ مالیاتی مصنوعات کی فراہمی پر زور دیا۔

مضاربہ ایسوسی ایئشن کے وفد نے چئیر مین ایس ای سی پی سے مضاربہ سیکٹر کو بھی ایس ایم ای سیکٹر کے لئے اسٹیٹ بینک کی رعایتی اسکیم میں شامل کرنے کی تجویز دی۔چئیر مین ایس ای سی پی نے اس حوالے سے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005